25/09/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج اتر پردیش اور راجستھان کا دورہ کریں گے ۔ وہ اتر پردیش میں گریٹر نائڈا کے مقام پر انٹر نیشنل ٹریڈ شو 2025 کا افتتاح کریں گے ۔ بعد میں وہ راجستھان کے دورے کے دوران ایک لاکھ 22 ہزار ایک سو کروڑ روپے مالیت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے ۔

میٹنگ

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ کے دوران مرکزی معاونت والی سکیم کے تیسرے مرحلے کے تحت اگلے تین برسوں کے دوران ملک کے میڈیکل کالجوں میں سیٹوں کے اضافے کو منظوری دی گئی ۔ PG سیٹوں اور پانچ ہزار MBBSپانچ ہزار 23 ،

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے کل راج بھون میں نیشنل ڈیفنس کالج میں کورس کر رہے انڈین آر مڈ فورسز اور سول سروسز کے سینئر افسروں کے ایک وفد کے ساتھ بات چیت کی ۔ اس موقعہ پر ایل جی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں کئے گئے آپریشن سندور کے ذریعے سے بھارت نے دہشت گردی کے خلاف ایک موثر کاروائی کر کے ایک نئی لکیر کھینچی ۔ انہوں نے جموں کشمیر کے ترقیاتی منظر نامے کے مختلف پہلوو

---

ں کو بھی اجا گر کیا ۔ۓ

ایل جی ملاقات

سے متعلق پارلیمانی کمیٹی Undertakings بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی نائب صدر اور پبلک
نے راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے Baijayant Jay Panday کے چیر مین
بھی تھے - Karad ساتھ ملاقات کی ۔ ان کے ہمراہ ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر بھگوت کشن راو

GST

اصلاحات لاگو ہو گئی ہیں۔ یہ قدم بھارت کے براہ راست ٹیکس نظام کو GST ملک بھرمیں جدید
آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم مانا جا رہا ہے۔اشیاءاور خدمات پر ٹیکس میں کمی سے عام
شہریوں کو بڑے پیمانے پر راحت مل رہی ہے ۔

--------JINGLE --------

سیتا رمن

Goods and Services Appellate دریں اثناءوزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے نئی دلی میں
کا آغاز کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ یہ فورم ٹیکس ادا کرنے والوں کو انصاف Tribunal
دلانے میں کلیدی رول ادا کرے گا ۔

عمر عطیقہ مبارک باد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے موٹر ریسر عطیقہ کی بہترین کارکردگی کے لئے انہیں مبارک باد دی
میں شامل F1 ہے ۔ ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ عطیقہ جلد ہی موٹر ریسنگ
ہونے والی پہلی کشمیری بن جائیں گی ۔

عمر تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سینئر صحافی خور شید وانی کی دختر کی ایک سڑک حادثے میں موت
پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کی ہے ۔

فوڈ سیفٹی

غذائی سلامتی اور معیارات سے متعلق2006کے قانون کے مطابق کھانے پینے کی چیزوں کے معیار کے ساتھ سمجھوتہ کرنے والے تاجروں کے خلاف تادیبی کارروائی کئے جانے کی اچھی خاصی گنجائش رکھی گئی ہے۔

Smita Sethi نے اس ضمن میں فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن کی کمشنر برائے جموں کشمیر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

...........Smita Sethi........

ستیش شرما

خوراک اور سول سپلائز محکمے کے وزیت ستیش شرما نے افسروں اور تیل کمپنیوں کے نمائندوں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں ایل پی جی سپلائی اور سٹاک پوزیشن کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ایل پی جی تقسیم کاری کے نیٹ ورک کو وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا ۔

سیوا پرو

جمونو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت اختراعی سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ سیوا پرو کے تحت مختلف اضلاع میں بیداری کیمپ اور دیگر پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے سیوا پرو کے تحت مشن یووا پہل کے 350 نے اب تک تین ہزار سے DLIC مستحقین میں سینکشن لیٹر تقسیم کئے ۔ اس موقعہ پر بتایا گیا کہ زائد درخواستیں منظور کی ہیں اور لگ بھگ آٹھ سو کیسوں کو بنکوں نے بھی منظوری دی ہے ۔

ایم ایل اے ترہگام میر سیف اللہ نے کل کیرن کا دورہ کر کے ایک سیوا پرو کیمپ کی صدارت کی ۔انہوں نے بعد میں وہاں لوگوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل کا جائزہ لیا ۔

سوستھ ناری

دریں اثناءجمونو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوارابھیان کے تحت بھی مختلف مقامات پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں نے محکمہ صحت کی طرف سے صحت سے متعلق بیداری کیمپوں اور کونسلنگ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ